CRO
(SINDH)

# ہیڈ کوارٹرز پاکستان رینجرز (سندھ)
## مسلم جناح کورٹس بلڈنگ
## ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ کراچی نمبر-4

## پروگرام برائے بھرتی-پاکستان رینجرز (سندھ)

1۔ پاکستان رینجرز (سندھ) میں SI No 3.15 ESTA Code (Edition 2015)، پاکستان رینجرز ریکروٹمنٹ رولز 1968ء اور بھرتی سے متعلق ملنے والی ہدایات کی روشنی میں میرٹ کی بنیاد پر خالی آسامیاں (برائے مرد) درج ذیل صوبائی / علاقائی کوٹہ کے مطابق پُر کی جائیں گی۔

| نمبر شمار | رینک | تعداد آسامیاں |
|---|---|---|
| الف۔ | سب انسپکٹر جنرل ڈیوٹی | 8 |
| ب۔ | خطیب | 1 |
| ج۔ | حوالدار جنرل ڈیوٹی | 25 |
| د۔ | سپاہی کلرک | 48 |
| ر۔ | نائیک جنرل ڈیوٹی | 29 |
| ز۔ | سپاہی جنرل ڈیوٹی | 762 |
| س۔ | سپاہی کُک | 29 |
| ش۔ | سپاہی میس ویٹر | 6 |
| ص۔ | سپاہی مصالچی | 2 |
| ض۔ | Non Combatants Enrolled (NCsE) جیسے کہ پلمبر، حجام، الیکٹریشن، ترکھان، مستری، رنگ ساز اور خاکروب وغیرہ | 80 |
| | ٹوٹل | 990 |

| صوبائی / علاقائی کوٹہ | |
|---|---|
| اوپن میرٹ | 7.5 % |
| پنجاب (بشمول دارالحکومت اسلام آباد) | 50 % |
| سندھ (دیہی) | 11.4 % |
| سندھ (شہری) | 7.6 % |
| خیبر پختونخواہ | 11.5 % |
| بلوچستان | 6 % |
| فاٹا | 3 % |
| آزاد جموں وکشمیر | 2 % |
| گلگت بلتستان | 1 % |
| ٹوٹل | *100 % |

* 5 فیصد کوٹہ اقلیتوں کے لئے قابلیت اور معیار کے مطابق مختص ہے۔

2۔ **اپلائی کرنے کا طریقہ۔** آن لائن رجسٹریشن پاکستان رینجرز (سندھ) کی ویب سائٹ **https://www.joinpakrangerssindh.org** **مورخہ 18 جون تا 02 جولائی 2023 سے شروع ہے۔** خواہش مند حضرات اپنے آپ کو بذریعہ ویب سائٹ آن لائن رجسٹریشن کرواسکتے ہیں۔ شارٹ لسٹڈ حضرات منتخب شدہ سنٹر پر بذریعہ SMS "SINDHRANGER" سے دی گئی اطلاع پر متعلقہ تاریخ کو بوقت 0600 بجے آن لائن رجسٹریشن سلپ کے ہمراہ جسمانی امتحان، کاغذات کی جانچ پڑتال، ابتدائی طبی معائنہ اور تحریری امتحان کے لیے حاضر ہوں گے (امیدوار پی ٹی شوز اور لکھنے کا سامان ساتھ لائیں)۔ **آن لائن رجسٹریشن سلپ داخلے کے لیے ضروری ہے۔**

3۔ **بھرتی کے لئے جگہ / تاریخ۔** محکمہ کی ٹیم درج ذیل سنٹرز پر دیئے گئے پروگرام کے مطابق رجسٹریشن کرے گی:۔

| نمبر شمار | بھرتی سنٹر | تاریخ | بھرتی کے لئے جگہ |
|---|---|---|---|
| الف۔ | منڈی بہاوالدین | 13 تا 21 جولائی 2023 | پاکستان رینجرز اکیڈمی، منڈی بہاوالدین، پنجاب |
| ب۔ | سکھر | 13 تا 21 جولائی 2023 | سیکٹر ہیڈ کوارٹرز شہباز رینجرز نزد بس سٹاپ شکار پور روڈ، سکھر، سندھ |
| ج۔ | کراچی | 13 تا 21 جولائی 2023 | ٹریننگ سنٹر اینڈ اسکول پاکستان رینجرز (سندھ) ٹول پلازہ سپر ہائی وے، کراچی |
| د۔ | تربت | 13 تا 21 جولائی 2023 | ہیڈ کوارٹر مکران اسکاؤٹس ابصار کیمپ، تربت، بلوچستان |

4۔ **بھرتی کے لئے مطلوبہ کاغذات۔** امیدواران درج ذیل کاغذات ابتدائی رجسٹریشن میں مہیا کریں گے:۔

الف۔ تمام اصل تعلیمی اسناد / سرٹیفکیٹ / ڈگری بشمول دو عدد فوٹو کاپیاں (اگر تعلیم 8 جماعت پاس ہے تو سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سے تصدیق ہونا چاہیے)۔

ب۔ اصل قومی شناختی کارڈ NADRA کا جاری کردہ بشمول دو عدد فوٹو کاپیاں۔

ج۔ اصل ڈومیسائل / پی آر سی بشمول دو عدد فوٹو کاپیاں ۔

د۔ 4 عدد رنگین پاسپورٹ سائز تصاویر تصدیق شدہ۔

ر۔ **جو امیدوار پہلے سے کسی گورنمنٹ / سیمی گورنمنٹ ادارے میں سروس کرتے ہیں وہ اپنے محکمہ کے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ سے اصل No Objection Certificate (NOC) ابتدائی رجسٹریشن کے وقت مہیا کریں گے۔ NOC کے بغیر داخلہ ممنوع ہو گا۔**

5۔ **کم از کم تعلیمی قابلیت۔**

| نمبر شمار | عہدہ | تعلیم | ریمارکس |
|---|---|---|---|
| الف۔ | سب انسپکٹر جنرل ڈیوٹی | ایف اے، ایف ایس سی یا مساوی | زیادہ تعلیم یافتہ / ڈپلومہ ہولڈر کو ترجیح دی جائے گی۔ |
| ب۔ | خطیب | میٹرک، کسی ایک منظور شدہ مذہبی ادارے سے درس نظامی میں فاضل / فارغ | |
| ج۔ | حوالدار / نائیک جنرل ڈیوٹی | میٹرک یا مساوی | |
| د۔ | سپاہی کلرک | ایف اے، ایف ایس سی بمعہ ایک سالہ کمپیوٹر ڈپلومہ برائے ایم ایس ورڈ، ایکسل اور پاور پوائنٹ | |
| ر۔ | سپاہی جنرل ڈیوٹی، سپاہی کُک، سپاہی میس ویٹر اور سپاہی مصالچی | 8th جماعت پاس | |
| ز۔ | Non Combatants Enrolled (NCsE) جیسے کہ پلمبر، حجام، الیکٹریشن، ترکھان، مستری، رنگ ساز اور خاکروب وغیرہ | 8th جماعت پاس (علاوہ خاکروب)<br>5th جماعت پاس (صرف خاکروب) | |

6۔ **جسمانی معیار**

الف۔ **قد۔** کم از کم 5 فٹ، 6 انچ۔ **لمبے قد والے امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی۔**

ب۔ **چھاتی۔** "33 انچ (بمعہ 1½ انچ پھیلاؤ)۔

ج۔ **وزن۔** کم از کم 121 پونڈ (تقریباً 55 کلوگرام) زیادہ سے زیادہ BMI کے مطابق۔

د۔ بقایا جسمانی معیار میڈیکل قوانین کے مطابق۔

7۔ **عمر کی حد۔** 30 جون 2023 تک کم از کم 18 سال اور زیادہ سے زیادہ 30 سال (بشمول پانچ سال کی عمر میں رعایت جو گورنمنٹ کی طرف سے دی گئی ہے)۔ **ڈیوٹی کی نوعیت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کم عمر امیدواران کو ترجیح دی جائیگی۔**

8۔ **شہریت۔** **پاکستانی (مرد)**

9۔ **نااہل برائے بھرتی۔** **مندرجہ ذیل معیار والے امیدوار بھرتی کے لیے نااہل ہوں گے:۔**

ا۔ پاکستان رینجرز یا کسی سرکاری ادارے سے ڈسپلین کی بنیاد پر سروس سے برخاست کیا گیا ہو۔

ب۔ کسی عدالت سے مجرم قرار پایا گیا ہو۔

ج۔ پاکستان رینجرز یا کسی سرکاری ادارے سے طبی معائنہ کی بنیاد پر اَن فٹ قرار پایا گیا ہو۔

د۔ پاکستان رینجرز یا کسی سرکاری ادارے سے جعلی تعلیمی اسناد یا فراڈ کی بنیاد پر سروس سے برخاست کیا گیا ہو۔

ر۔ پاکستان رینجرز سے اپنی مرضی پر ریٹائرڈ یا ڈسچارج / دورانِ ٹریننگ سروس سے برخاست کیا گیا ہو۔

ز۔ وہ امیدوار جو پہلے سے کسی سرکاری اور نیم سرکاری ادارے میں سروس کرتے ہوں وہ **اپنے محکمہ کے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ سے** No objection Certificate (NOC) ساتھ نہ لائے ہوں۔

س۔ امیدوار جو پہلے سے آرمڈ فورسز یا سول آرمڈ فورسز میں سروس کرتے ہوں اور محکمے میں چھٹی سے تاخیر سے آنے / بغیر چھٹی کے بھگوڑا ہونے کی بنیاد پر غیر حاضر ہوں۔

ش۔ قومی شناختی کارڈ اور تعلیمی اسناد میں نام یا تاریخ پیدائش میں فرق یا تفصیلات میں ردوبدل کا ہونا۔

10۔ **سلیکشن کا طریقہ کار۔**

ا۔ **رجسٹریشن فیس** - **500 روپے (ناقابل واپسی) رجسٹریشن فیس امیدوار نے ادا کرنی ہو گی۔** (صرف BPS-5 اور زیادہ سکیل کے لیے)۔

ب۔ **ابتدائی طبی معائنہ** - ابتدائی طبی معائنہ کی **کوئی فیس وصول نہیں کی جائے گی۔**

ج۔ **فزیکل ٹیسٹ** - امیدوار فزیکل ٹیسٹ کے لیے **جوگر / پی ٹی شوز ساتھ لائیں۔** فالور کا فزیکل اور تحریری ٹیسٹ نہیں ہو گا۔

د۔ **تحریری امتحان** - امیدوار تحریری امتحان میں استعمال ہونے والا سامان ساتھ لائیں۔

ر۔ **نفسیاتی امتحان / انٹرویوز** - نفسیاتی امتحان / انٹرویوز ٹریننگ سینٹر اینڈ سکول پاکستان رینجرز (سندھ) میں ہوں گے۔

ز۔ **حتمی سلیکشن** - **حتمی سلیکشن اہلیت اور معیار کے مطابق ہیڈ کوارٹرز پاکستان رینجرز (سندھ) کراچی میں ہو گی۔**

س۔ **حتمی / طبی معائنہ** - **حتمی / تفصیلی طبی معائنہ سندھ رینجرز ہسپتال کراچی میں ہو گا اور فیس امیدواران نے ادا کرنی ہو گی۔**

- طبی معائنہ کے دوران منتخب امیدواروں کی نفسیاتی امتحان، لیب ٹیسٹ، ای سی جی اور ایکسرے بھی لئے جائیں گے۔

ش۔ **کال لیٹر** - **حتمی طبی معائنہ میں کامیاب امیدواروں کو ٹریننگ میں شمولیت کیلئے کال لیٹر کا اجراء کیا جائے گا۔**

11۔ **ٹریننگ۔** منتخب / کامیاب امیدواروں کی بنیادی تربیت **ٹریننگ سینٹر اینڈ سکول پاکستان رینجرز (سندھ) ٹول پلازہ سپر ہائی وے کراچی میں ہو گی۔**

12۔ **تنخواہ اور الاؤنسز (منتخب امیدوار)۔**

الف۔ **بنیادی تنخواہ**

| | | بی پی ایس |
|---|---|---|
| (1) | سب انسپکٹر جنرل ڈیوٹی | 13 |
| (2) | خطیب | 11 |
| (3) | حوالدار جنرل ڈیوٹی | 8 |
| (4) | سپاہی کلرک | 8 |
| (5) | نائیک جنرل ڈیوٹی | 7 |
| (6) | سپاہی جنرل ڈیوٹی، سپاہی کک، سپاہی میس ویٹر اور سپاہی مصالچی | 5 |
| (7) | (Non Combatants Enrolled) NCsE | 2 |

ب۔ **الاؤنسز۔** مروجہ قوانین کے مطابق۔

ج۔ **رہائش۔** مفت رہائش اور شادی شدہ افراد کیلئے ہاؤس رینٹ الاؤنس بنیادی پے سکیل کا 30٪ اور کراچی، حیدرآباد اور سکھر میں بنیادی پے سکیل کا 45٪ دیا جائے گا۔

د۔ **دوران بھرتی کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔**

13۔ **درج ذیل ہدایات کو یقینی بنائیں:۔**

الف۔ فائنل سلیکشن کا اختیار ڈائریکٹر جنرل پاکستان رینجرز (سندھ) کو ہے۔ لہذا اس سلسلہ میں کسی رینجرز ملازم یا سول شخص سے رابطہ نہ کیا جائے۔

ب۔ یہ بھرتی تمام متعلقہ دستاویزات کی تصدیق اور مجاز اتھارٹی سے حتمی منظوری تک عارضی تصور کیجائے گی۔

ج۔ اگر کسی امیدوار کے دستاویزات جعلی ثابت ہوئے تو امیدوار کو سروس سے برخاست کر کے قانونی کاروائی کیجائے گی۔

د۔ دوران بھرتی کسی بھی قسم کی سفارش اور مداخلت کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ اہل امیدوار کو میرٹ کی بنیاد پر بھرتی کیا جائے گا۔

ر۔ اسکریننگ ٹیسٹ کے دوران دھوکہ دہی، نقل یا کوئی بھی خلاف ضابطہ طریقہ اختیار کرنے پر بھرتی کے عمل سے فی الفور خارج کر دیا جائے گا۔

**نوٹ:۔ دوران بھرتی کوئی بھی متعلقہ یا غیر متعلقہ شخص آپ کو بھرتی کرنے کا وعدہ یا لالچ دے تو مندرجہ ذیل نمبروں پر فوراً اطلاع کریں:۔**

**+92 337 8217882 اور +92 347 9001111**

لیفٹیننٹ کرنل

برائے ڈائریکٹر جنرل پاکستان رینجرز (سندھ)

(021-99205067)

BALOCHISTAN JOBS
blnjobs.com